سوال

(260) روزے کی حالت میں مسواک کرنا جائز ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رمضان کے دنوں میں نماز ظہر کے بعد مسواک ناجائز ہے۔ (سائل) (۱۲ جون ۲۰۰۹ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رمضان میں مسواک ہر وقت کرنی جائز ہے ظہر سے پہلے ہو یا بعد۔ حدیث میں ہے :

'رَأَیتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ مَا لَا أُحصِی یَتَسَوَّکُ وَہُوَ صَائِمٌ ' (سنن الترمذی، بَابُ مَا جَاءَ فِی السِّوَاکِ لِلصَّائِمِ، رقم:۷۲۵)

یعنی ''میں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ روزہ کی حالت میں کثرت سے مسواک کرتے۔''

یہ حدیث اپنے عموم کے اعتبار سے سب اوقات کو شامل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الصوم: صفحہ:254

محدث فتویٰ